No. 40-CE
**OFFICE OF THE CONTROLLER**
Board of Intermediate & Secondary
Education, Sahiwal
Dated: 20-02-2026

040-9200518

# سرکلر

برائے: تمام متعلقین والدین، طلباء وطالبات، اساتذہ کرام اور سربراہان ادارہ جات:۔

**عملی امتحانات میں شفافیت، نظم وضبط اور جدید نظام کے نفاذ سے متعلق ہدایات میٹرک / انٹر میڈیٹ (پہلا سالانہ) امتحانات 2026**

**حوالہ:** 31-01-2026 کو منعقدہ اجلاس برائے شفافیتِ عملی امتحانات، زیر صدارت چیئرمین، وزیر اعلیٰ ٹاسک فورس آف ایجوکیشن ریفارمز، منعقدہ بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور۔ بورڈ ہذا کو موصولہ ہدایات کی روشنی میں عملی امتحانات 2026 کے انعقاد میں شفافیت، میرٹ، نظم وضبط اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے درج ذیل اقدامات نافذ کیے جا رہے ہیں۔ تمام متعلقہ فریقین کو سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی جاتی ہے۔

## 1۔ سی سی ٹی وی نگرانی اور لائیو مانیٹرنگ۔

- تمام عملی لیبارٹریز اور مارکنگ سینٹرز میں **CCTV کیمروں کی تنصیب اور مؤثر لائیو مانیٹرنگ** لازمی ہوگی۔
- ریکارڈ محفوظ رکھا جائے گا تاکہ کسی بھی شکایت یا انکوائری کی صورت میں جانچ پڑتال کی جا سکے۔

## 2۔ سیکیورٹی انتظامات اور والدین کے لیے سہولیات۔

- امتحانی مراکز کے اطراف دفعہ 144 نافذ العمل ہونے کے باوجود، ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ عملی امتحانات کے دوران امیدواروں کے ساتھ آنے والی ماؤں کے لیے مناسب نشستوں کا انتظام کیا جائے۔ یہ انتظامات 03-03-2026 تک مکمل کیے جائیں۔

## 3۔ ریذیڈنٹ انسپکٹرز کی تعیناتی۔

- عملی امتحانات کے دوران **ریذیڈنٹ انسپکٹرز** تعینات کیے جائیں گے تاکہ:
  - موبائل فون کے استعمال کی روک تھام۔
  - غیر متعلقہ افراد کی مداخلت کا خاتمہ۔
  - لیبارٹری کے نظم ونسق کی بہتری۔
  - عملی سامان کی دستیابی کو یقینی بنایا جا سکے۔

## 4۔ شکایات کے ازالے کا مؤثر نظام۔

- تمام اداروں میں شکایتی نظام (Complaint Redressal Mechanism) اور رابطہ نمبرز نمایاں طور پر آویزاں کیے جائیں۔
- طلباء و والدین کسی بھی بے ضابطگی کی صورت میں براہ راست شکایت درج کرا سکیں گے۔

## 5۔ موبائل انسپکشن ٹیموں کی نگرانی۔

- موبائل انسپکٹرز عملی امتحانی مراکز کی مسلسل نگرانی کریں گے تاکہ منظور شدہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جا سکے۔

## 6۔ Practical Examiners کی خودکار تعیناتی اور تربیت۔

- Practical Examiners کی تعیناتی **خودکار (Automated)** سسٹم کے ذریعے کی جائے گی۔
- مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی بھی ممتحن کی تبدیلی ممکن نہ ہوگی۔
- Practical Examiners کے لیے تربیتی ورکشاپس کا انعقاد لازمی ہوگا۔
- مارکنگ سنٹرز میں تعینات عملے کو شناختی کارڈ جاری کیے جائیں گے۔

## 7۔ مارکنگ کے معیار اور نگرانی۔

- سپر چیکر / ٹیم لیڈر 2 فیصد جانچ شدہ عملی کاپیوں کی پڑتال کریں گے۔

- پیپر سیٹرز کی جانب سے مفصل مارکنگ کیز/روبر کس تیار کی جائیں گی اور ان پر سختی سے عمل کیا جائے گا۔
- ہر بنڈل کے ساتھ ممتحن کی رپورٹ جمع کروانا لازمی ہو گا، بصورت دیگر معاوضہ جاری نہیں کیا جائے گا۔
- عملی امتحان کی جوابی کاپی کے مخصوص حصہ جات لیبارٹری میں مکمل کیے جائیں گے، جبکہ بقیہ تمام حصہ مرکزی مارکنگ سنٹر میں وصولی کے بعد **خفیہ نمبرنگ** (Secrecy Coding) کے تحت چیک کیے جائیں گے تا کہ شفافیت اور غیر جانبداری کو یقینی بنایا جا سکے۔

## 8۔ عملی کاپیوں (Practical Notebooks) کے ضیاع کو یقینی بنانے اور غلط استعمال کی روک تھام۔

- تمام پریکٹیکل ایگزامینرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ امتحان کے دوران امیدواروں کی عملی کاپیوں کو فوراً نشان زدہ/چیک کر کے محفوظ رکھیں اور امتحان کے اختتام پر غیر استعمال شدہ یا استعمال شدہ کاپیوں کو ضابطہ کے مطابق **پھاڑ کر ضائع (Destroy)** کریں تا کہ انہیں دوبارہ استعمال نہ کیا جا سکے۔
- انسپکشن کے دوران اگر کسی لیبارٹری میں عملی کاپی درست/غیر تلف شدہ حالت میں پائی گئی تو اس کی مکمل ذمہ داری متعلقہ پریکٹیکل ایگزامینر پر عائد ہو گی۔
- مارکیٹ سے خریدی گئی یا فوٹو اسٹیٹ شدہ عملی نوٹ بکس سختی سے ممنوع ہیں۔ جو طلباء و طالبات اپنی خود تیار کردہ عملی کاپی پیش نہیں کریں گے یا خرید شدہ کاپی استعمال کریں گے، انہیں عملی امتحان میں **صفر (0) نمبر** دیے جائیں گے۔

## 9۔ لیبارٹریز کی جانچ اور سہولیات کی فراہمی۔

- سبجیکٹ اسپیشلسٹس پر مشتمل کمیٹی تمام لیبارٹریز کا معائنہ کرے گی۔
- جہاں سہولیات ناکافی ہوں، متعلقہ سربراہ ادارہ فوری فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔
- ہر بیچ میں امیدواروں کی تعداد دستیاب آلات/کمپیوٹرز کے مطابق محدود رکھی جائے گی۔

## 10۔ آن اسکرین مارکنگ۔

- انٹرمیڈیٹ پارٹ I-کمپیوٹر سائنس (سالانہ امتحان 2026) میں **On-Screen Marking** کا نفاذ کیا جائے گا۔

## 11۔ بائیومیٹرک حاضری۔

- تمام طلباء و امتحانی عملے کے لیے **بائیومیٹرک حاضری** لازمی ہو گی تا کہ جعلسازی اور غیر مجاز فرائض کی انجام دہی کا سدباب کیا جا سکے۔
- معاوضہ جات کی بروقت ادائیگی بائیومیٹرک تصدیق کے ذریعے ممکن بنائی جائے گی۔

## خصوصی ہدایات برائے طلباء و والدین:۔

- امتحانی مراکز میں موبائل فون یا غیر متعلقہ مواد لانے سے گریز کریں۔
- مقررہ وقت سے قبل مرکز پر پہنچیں اور سیکیورٹی عملے سے تعاون کریں۔
- کسی بھی شکایت کی صورت میں مقررہ شکایتی نمبرز پر رابطہ کریں۔ **040-9200518, 040-9200525**

## خصوصی ہدایات برائے اساتذہ و سربراہان ادارہ جات:۔

- تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔
- ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔
- کسی بھی کوتاہی کی صورت میں ذمہ داری متعلقہ ادارہ کے سربراہ پر عائد ہو گی۔

**تمام متعلقہ فریقین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ ان احکامات پر من و عن عمل کریں۔ خلاف ورزی کی صورت میں ضابطہ کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔**

**(ڈاکٹر نوید عظمت)**
کنٹرولر امتحانات
21-02-26

**کاپی برائے اطلاع:۔**

1۔ پی۔ ایس برائے سی ایم ٹاسک فورس برائے ایجوکیشن ریفارمز لاہور۔
2۔ پی۔ ایس برائے ایس او (بورڈز) ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، لاہور۔
3۔ پی۔ ایس برائے چیئرمین/پی۔ اے برائے سیکرٹری بورڈ ھذا۔
4۔ سسٹم اینالسٹ برائے اپ لوڈ ویب سائیٹ۔
5۔ آر سی او برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا۔
6۔ آفس کاپی۔